ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in

RBI/2017-18/111

DGBA.GBD/1616/15.02.005/2017-18

21**دسمبر**2017

محترم/محترمہ!

ایجنسی بینکوں کے ذریعہ بھارت سرکار کی ہدایات پر فوری عمل

یہ ہمارے نوٹس میں لایا گیا ہے کہ کچھ ایجنسی بینکیں سرکار (مرکزی سرکار اور ریاستی سرکار) کے ذریعہ جاری ہدایات/نوٹیفکیشن پر فوری توجہ نہیں دیتی ہیں اور کہتی ہیں کہ ابھی آر بی آئی کی جانب سے ان کو اس سلسلہ میں مزید جانکاری حاصل نہیں ہوئی ہے۔

2۔ اس معاملہ میں سبھی ایجنسی بینکوں کو صلاح دی جاتی ہے کہ وہ سرکار کے ذریعہ (مرکزی سرکار اور ریاستی سرکار) جاری ہدایات جو مختلف نوٹیفکیشن میں موجود ہوتی ہیں پر باریک بینی سے نظر رکھیں اور بغیر کسی مزید آر بی آئی کی ہدایات کے حصول کے انتظار سے فوری طور پر ان پر کارروائی کریں۔

3۔ آپ کو مزید صلاح دی جاتی ہے کہ کسی بھی سرکاری ہدایات/ رہنما اصول سے متعلق اگر کوئی وضاحت کی ضرورت ہو تو براہ راست اس معاملہ میں متعلقہ حکومت سے رجوع کریں اگر ہدایات ریزرو بینک کو رپورٹنگ سے متعلق ہیں تو ڈی بی اے/سی اے ایس ناگپور سے رابطہ قائم کیا جا سکتا ہے۔

آپ کا مخلص

پارتھا چودھری

جنرل منیجر